© rasailojaraid.com



# پریس ریلیز

ادارہ

## سرکاری ملازمین پر غیر ملکی سفر کی پابندی ہٹائی جائے۔ناظم اعلیٰ وفاق

(پ-ر) پنجاب حکومت کی طرف سے سرکاری ملازمین پر غیر ملکی سفر کی پابندی فی الفور ہٹائی جائے ،اس پابندی سے حرمین شریفین حاضری کا ارادہ رکھنے والے سرکاری ملازمین متاثر ہو رہے ہیں جو نہایت افسوس ناک ہے، پابندی صرف سرکاری خرچ پر غیر ملکی دوروں پر ہونی چاہیے ،تمام سرکاری ملازمین کے لیے سفر کے راستے بند کرنا نا قابل فہم ہے۔ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے جنرل سیکرٹری اور ممبر اسلامی نظریاتی کونسل مولانا محمد حنیف جالندھری نے پنجاب حکومت کی طرف سے سرکاری ملازمین پر غیر ملکی سفر پر پابندی عائد کیے جانے کے فیصلے پر اپنے رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا ،انہوں نے کہا کہ سینکڑوں کی تعداد میں ایسے سرکاری ملازمین نے وفاق المدارس اور علمائے کرام سے رابطہ کر کے اپنی تشویش سے آگاہ کیا کہ اس پابندی کی زد عمرہ کی سعادت حاصل کرنے اور حرمین شریفین کے سفر کا ارادہ رکھنے والوں پر پڑ رہی ہے۔مولانا محمد حنیف جالندھری کا کہنا تھا کہ سرکاری خرچ پر غیر ملکی دوروں پر پابندی بھی سمجھ میں آتی ہے اور ایسے شعبہ جات جہاں ہنگامی بنیادوں پر کام کی ضرورت ہو ان میں بھی پابندی لگائے جانے کا جواز نکلتا ہے لیکن سب سرکاری ملازمین پر غیر ملکی سفر کے راستے بند کر دینا سراسر زیادتی ہے۔پنجاب حکومت اس معاملہ کا فوری نوٹس لے اور اس فیصلے پر نظر ثانی کرے۔

☆......☆......☆

## حضرت مولانا حکیم محمد اختر کی وفات عظیم سانحہ ہے۔وفاق المدارس

(پ-ر) ولی کامل مولانا شاہ حکیم محمد اختر کی رحلت عالم اسلام کے لیے افسوس ناک سانحہ ہے، مولانا کی رحلت سے پیدا ہونے والا خلا صدیوں پُر نہیں ہو سکے گا، امت ایک مشفق مربی اور رہبر شریعت سے محروم ہو گئی۔ان خیالات کا اظہار



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وفاق المدارس العربیہ کے ذمہ داروں شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان، مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا محمد حنیف جالندھری اور دیگر مذہبی رہنماؤں نے تعزیتی بیانات میں کیا۔ انہوں نے کہا پیر طریقت ولی کامل مولانا حکیم محمد اختر صاحب کی رحلت عالم اسلام کے لیے عظیم سانحہ اور ناقابل تلافی نقصان ہے، مولانا کی رحلت سے پیدا ہونے والا خلا صدیوں پُر نہیں ہوسکے گا۔ مولانا کی رحلت سے اُمت ایک شفیق مربی اور ایک عظیم عالم دین سے محروم ہوگئی۔

☆......☆......☆

## کوئٹہ اور زیارت کے واقعات شرم ناک ہیں۔ وفاق المدارس

(پ۔ر) کوئٹہ اور زیارت کے واقعات افسوس ناک اور شرم ناک ہیں، ان بہیمانہ واقعات پر انسانیت سر پیٹ کر رہ گئی ہے، دونوں واقعات کی غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائے اور ذمہ داروں کو نشان عبرت بنایا جائے، بلاتحقیق ان واقعات کا ملبہ مذہب پسندوں کے سر ڈالنے سے گریز کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس کے ذمہ داران شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان، مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر اور مولانا حنیف جالندھری نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں طالبات پر حملے افسوس ناک اور شرم ناک ہیں، اس بہیمانہ کارروائی پر انسانیت سر پیٹ کر رہ گئی ہے، واقعہ کی غیر جانب دارانہ اور منصفانی تحقیقات کروا کر ذمہ داروں کو نشانِ عبرت بنا دیا جائے۔ وفاق المدارس کے ذمہ داروں نے ان واقعات کی آڑ میں مذہب پسندوں کو ہدف تنقید بنانے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ بلاتحقیق اس قسم کے واقعات کا ملبہ مذہب پسندوں پر ڈالنے سے گریز کیا جائے۔ وفاق المدارس کے قائدین نے شہید ہونے والی طالبات کے پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور درجات کی بلندی کی دعا کی۔

☆......☆......☆

## امتحانی بورڈ وفاق المدارس کا سسٹم اپنائیں۔ ذمہ داران وفاق

(پ۔ر) امتحانی بورڈ، تعلیم کی وزارتیں اور ماہرین تعلیم وفاق المدارس کے آئیڈیل سسٹم کو اپنا کر شفاف اور منظم طریقہ امتحان کو رواج دیں، ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس کے ذمہ داروں نے ملک کے مختلف علاقوں کے مراکز کے دورے کے موقع پر کیا۔ دینی مدارس کی سب سے قدیم اور منظم امتحانی بورڈ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام ملک کے چاروں صوبوں، قبائلی علاقہ جات، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں بیک وقت سالانہ امتحانات کا سلسلہ جاری ہے۔ وفاق المدارس کے ذمہ داروں نے ملک کے مختلف علاقوں کے امتحانی مراکز پر اچانک چھاپے مار کر وہاں کے امتحانی عمل کا جائزہ لیا اور اسے شفاف واطمینان بخش قرار دیا۔ وفاق المدارس کے صدر مولانا سلیم اللہ خان اور نائب صدر مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر نے کراچی کے امتحانی مراکز، مولانا محمد حنیف جالندھری نے ملتان اور لاہور، مولانا انوار الحق نے خیبر پختونخواہ اور مولانا قاضی محمود الحسن اشرف نے آزاد کشمیر کے امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ ☆.................



© rasailojaraid.com